17/01/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عابدہ اختر سے خبریں سُنئے

لیفٹننٹ گورنرتقریب

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کل آئی آئی ایم جموں میں منعقدہ انٹرنیشنل پینٹنگ ورکشاپ کی کاروباری نوجوان GenZ اختتامی تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ فنکار اور مل کر بھارت کے مستقبل کی تعمیر کریں گے۔

لیفٹننٹ گورنر نے کہا کہ فن اور کاروبار کا اشتراک ایک منفرد قوت ہے، جہاں تخیل اور سرمایہ کاری مل کر ترقی یافتہ اور خوشحال سماج کی بنیاد رکھ سکتے ہیں۔

تقریب کے دوران لیفٹننٹ گورنر نے نامور اور ابھرتے ہوئے مصوروں کی حوصلہ افزائی کی اور آئی آئی ایم جموں کی اس منفرد تعلیمی و ثقافتی پہل کو سراہا۔

لیفٹننٹ گورنر

پروگرام کے تحت 120 کشمیری نوجوانوں Exchange لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کشمیر یوتھ کے پہلے گروپ کو جھنڈی دکھا کر "وطن کو جانو " ٹور کے لئےروانہ کیا۔

پروگرام کے اس چھٹے مرحلے میں مجموعی طور پر دو ہزار نوجوان ملک کے پندرہ بڑے شہروں کا دورہ کریں گے، تاکہ وہ ملک کی ثقافتی، تاریخی اور صنعتی وراثت سے واقف ہو سکیں۔لیفٹننٹ گورنر نے ان نوجوانوں سے بات چیت کی اور ان کے لیے نیک تمناو

ں کا اظہار کیا۔ٔ

معراج النبی

معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تقریب سعید بڑی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی۔اس نسبت سے وادی کی مساجد خانقاہوں اور بقہ جات میں شب بیداری کی تقریبات منعقد ہوئیں۔اس موقعے پر علمائے کرام نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے معراج پر روشنی ڈالی۔سب سے بڑی تقریب آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہوئی جہاں رات بھر عقید ت مند درود و ازکار میں محو رہے۔

-------V/O--------

آثار شریف درگاہ حضرت بل میں آج ہر نماز کے بعد موئے مقدس آنحضور ﷺ کی زیارت کرائی جا رہی ہے ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں و کشمیر میں سال 2026 کے لئے نوجوانوں اور کھیلوں کی ترقی کے جامع کیلنڈر کا جائزہ لیا۔ محکمہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس کے مطابق اسپورٹس کیلنڈر کے تحت یوٹی میں 40 لاکھ سے زائد نوجوانوں کو کھیل و دیگر سرگرمیوں سے جوڑا جائے گا۔ چیف سیکریٹری نے سرگرمیوں کی بروقت اور نتیجہ خیز عمل آوری، جدید کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور قومی و بین الاقوامی مقابلوں کے انعقاد پر زور دیا۔ انھوں نے نوجوانوں کی زیادہ شمولیت کے لئے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور آگاہی مہمات کو مزید مضبوط بنانے کی ہدایت دی۔

کرائم برانچ

ونگ نے سرکاری نوکریوں کا جھانسہ دے کر لوگوں Offences کرائم برانچ کشمیر کی اکنامک سے دھوکہ دہی کرنے کے الزام میں ایک سابق پولیس ملازم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔ شکایت کے مطابق ملزم نے سرکاری ملازمت دلانے کے وعدے پر تقریباً 23 لاکھ روپے وصول ویریفکیشن رپورٹس فراہم CID لئے اور جعلی تقرری نامے، شناختی کارڈ، لائسنس اور پولیس و کیں۔ ابتدائی تحقیقات میں الزامات درست پائے گئے۔

بارہمولہ

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ بارہمولہ منگا شیرپا نے کل نارکو کوآرڈینیشن سینٹر کی 24 ویں میٹنگ کی صدارت کی، جس میں ضلع میں منشیات کے خلاف اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔

میٹنگ میں منشیات کے استعمال اور غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام کے لئے مربوط اور مسلسل کارروائیوں پر زور دیا گیا۔ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو حساس مقامات پر نگرانی مزید مضبوط بنانے کی ہدایت دی۔

انہوں نے تعلیمی اداروں میں بیداری مہم تیز کرنے اور نوجوانوں کو منشیات کے مضر اثرات سے آگاہ کرنے پر بھی زور دیا۔

. ونٹر جنگل

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

-----Winter Jingle-----

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے کل جموں و کشمیر ڈیف کرکٹ ٹیم کو انڈین ڈیف کرکٹ ایسوسییشن کے چوتھے ٹیسٹ نیشنل کرکٹ چیمپین شپ میں شاندار کامیابی پر مبارکباد دی ہے ۔انہوں نے کھلاڑیوں کی محنت ،ٹیم ورک اور غیر معمولی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی جموں کشمیر کے لئے باعث فخر ہے۔ یہ قومی سطح کا ٹورنامنٹ تین سے9 نومبر 2025 تک منعقد ہوا جس میں جموں و کشمیر ٹیم نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ ڈپٹی کمشنر نے خصوصی صلاحیتوں کے حامل کھلاڑیوں کی امداد کے لئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

شوپیان

محکمہ تعلیم شوپیان کی جانب سے کل گورنمنٹ ڈگری کالج شوپیان میں سڑک تحفظ سے متعلق ضلع سطح کا ایک روزہ سمینار منعقد کیا گیا۔سمینار کا مقصد طلبہ اور معاشرے میں ٹریفک قوانین سے متعلق بیداری پیدا کرنا تھا۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شوپیان ڈاکٹر ذاکر حسین نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی ۔ انہوں نے بڑھتے ہوئے سڑک حادثات پر تشویش کا اظہار کیا۔

مقررین نے اساتذہ، اسکول سربراہان اور طلبہ کے کردار کو سڑک تحفظ کے فروغ کے لئے نہایت اہم قرار دیتے ہوئے احتیاطی تدابیر اپنانے پر زور دیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****